"دی مینیگ آف دی قرآن" کے مستقل باب میں قرآن کا انگریزی ترجمہ قریب قریب تفہیم القرآن کے خطوط پر پیش کیا گیا ہے۔ توقع کی جاسکتی ہے کہ قرآن کے مروجہ انگریزی ترجموں میں جو بنیادی کوتاہیاں پائی جاتی ہیں ان کا ازالہ اس کوشش سے ہو جائے گا، بشرطیکہ یہ ہمت آزما کام جاری رکھا جائے۔ پھر نبی صلعم کی چند مختصر احادیث کا ترجمہ سامنے آتا ہے۔ پھر دو مقالات شریک ہیں اور دونوں بامقصد ہیں۔ سوالات و جوابات کا صفحہ بہت دلچسپ اور مفید معلوم ہوتا ہے۔

ہر اشاعت میں چند صفحات اردو تحریروں کے لیے بھی وقف ہیں۔ یہ جدت ہے تو مفید، مگر دو باتیں قابلِ غور ہیں۔ ایک یہ کہ مختصر سی ضخامت کے جریدے کو دو حصوں میں تقسیم کرنے سے نہ ایک کے تقاضے پورے ہو سکتے ہیں نہ دوسرے کے۔ دوسرے یہ کہ انگریزی خواں طبقے اور اردو داں طبقے کے ذوق بالکل جداگانہ ہیں ان دونوں کے تقاضوں کو ایک ہی جریدے میں پورا کرنا آسان کام نہیں ہے۔ بہرحال ہم اس کوشش کو قابلِ قدر سمجھتے ہیں۔

مکاتیب حضرت مولانا شاہ محمد الیاسؒ | مرتبہ: جناب مولانا سید ابوالحسن صاحب ندوی۔ ناشر: کتب خانہ انجمن ترقی اردو۔ جامع مسجد۔ دہلی ۶۔ قیمت مجلد عہ۔ غیر مجلد عہ۔

یہ مجموعہ ہے مولانا محمد الیاس مرحوم کے بعض مکاتیب کا جو مرحوم نے اپنے رفقاء اور دوستوں کے نام وقتاً فوقتاً لکھے۔ ان خطوط میں مولانا کی فکر بھی جھلکتی ہے اور دردمندانہ اسلامی جذبات بھی۔ ہماری رائے میں ان خطوط میں افادیت کے بڑے قیمتی پہلو موجود ہیں اور ان سے علماء اور عوام کو استفادہ کرنا چاہیے۔

رسید کتب

(۱) اسلامی زندگی | مرتبہ مولانا احتشام الحق صاحب کاندھلوی۔ شائع کردہ انجمن ترقی اردو۔ جامع مسجد دہلی قیمت ۴ر

(۲) رہنمائے قاعدہ | مؤلفہ جناب سلیم عبداللہ صاحب۔ شائع کردہ۔ اردو اکیڈمی سندھ (کراچی) قیمت ۵ر

(۳) اردو زبان کا قاعدہ | مؤلفہ سید مصطفیٰ حسین صاحب نقوی۔ مطبوعہ لاہور آرٹ پریس قیمت ۲ر

(۴) مدینۃ النبی کی آخری رات، | شائع کردہ مجلس سیرت بمبئی۔ بلاقیمت۔

(۵) ماہنامہ "زمانہ" | نوخواندہ بالغوں کے لیے محکمۂ تعلیمات پنجاب کا جریدہ۔ چندہ سالانہ چھ روپے۔ فی پرچہ ۸ر